فون نمبر ۲۹

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ عَسٰٓی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۵۴

روزنامہ الفضل ربوہ

یوم جمعہ

ایڈیٹر روشن دین تنویر

The Daily ALFAZL RABWAH

قیمت فی پرچہ ۱۵ پیسے

جلد ۵۹/۲۴ | ۲۵ شوال ۱۳۹۰ھ - ۲۵ فتح ۱۳۴۹ہش - ۲۵ دسمبر ۱۹۷ء | نمبر ۲۹۳

# شمع احمدیت کے پروانے جوق در جوق ربوہ پہنچنے شروع ہو گئے

## دار الصدر کے مرکزی لنگرخانہ میں مہمانوں کیلئے کھانے کی تیاری اور تقسیم کا آغاز

## امسال پہلی بار دارالرحمت کے لنگرخانہ میں روٹیاں تمام تر مشینوں ہی کے ذریعہ پکیں گی

ربوہ ۲۴ فتح - اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی اُس بشارت کے مطابق جو گزشتہ ۷۹ سال سے جلسہ سالانہ کے موقع پر سال بہ سال بڑی شان کے ساتھ پوری ہوتی چلی آرہی ہے شمعِ احمدیت کے پروانے جوق در جوق ربوہ پہنچنے شروع ہو گئے ہیں۔ چنانچہ جلسہ سالانہ میں شرکت کی غرض سے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مہمانانِ کرام کی مسلسل تشریف آوری کی وجہ سے ربوہ کی رونق اور چہل پہل میں دن بدن ہی نہیں لحظہ بہ لحظہ اضافہ ہو رہا ہے۔ مہمانوں کی آمد و رفت سے جہاں ایک طرف بازار اور گلی کوچے پُررونق ہوتے جا رہے ہیں وہاں دوسری طرف اسی نسبت سے نمازوں کے اوقات میں مساجد زیادہ آباد نظر آنے لگی ہیں۔ لاریوں کے اڈہ اور ریلوے اسٹیشن پر شعبۂ استقبال نے کیمپ قائم کر کے مہمانانِ کرام کو خوش آمدید کہنے کا کام پوری مستعدی اور سرگرمی سے شروع کر دیا ہے۔ دارالصدر کے مرکزی لنگرخانہ میں ۲۳ دسمبر کی شام سے کھانے کی تیاری اور تقسیم کا کام شروع ہو چکا ہے۔

### روٹیاں پکانے والی مشینیں

اُدھر جلسہ سالانہ کے جملہ انتظامات خاطر خواہ طریق پر پایۂ تکمیل کو پہنچ چکے ہیں۔ محترم جناب سید داؤد احمد صاحب افسر جلسہ سالانہ نے کل ہمارے نمائندہ کو ایک ملاقات میں انتظامات کے متعلق تسلی کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ حسبِ سابق امسال بھی سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ہدایات کی روشنی میں انتظامات کو زیادہ بہتر بنانے کے سلسلہ میں بعض نئے اقدامات کئے گئے ہیں۔ آپ نے بتایا کہ گزشتہ سال تجربہ کے طور پر روٹیاں پکانے کی جو ایک مشین تیار کروائی گئی تھی۔ امسال اُس مشین میں مزید اصلاح کرنے اور اس کی کارکردگی کو زیادہ بہتر اور تسلی بخش بنانے کے بعد جنرل الیکٹرک اپلائنسز کمپنی کراچی سے اُس جیسی دس مشینیں تیار کروائی گئی ہیں۔ مشینوں کی تیاری کا کام امسال جون کے مہینے میں شروع کیا گیا تھا۔ یہ مشینیں جلسہ سے کافی عرصہ پہلے ربوہ پہنچ گئی تھیں۔ انہیں دارالرحمت کے لنگرخانہ میں (جو لنگرخانہ نمبر ۲ کہلاتا ہے) لگایا گیا ہے۔ چنانچہ اس لنگرخانہ میں روٹیاں تمام تر اِن مشینوں کے ذریعہ ہی پکائی جائیں گی۔ ان میں سے ہر مشین فی گھنٹہ چھ صد سے آٹھ صد تک روٹیاں تیار کرے گی۔ اِن مشینوں کی خرید پر ۷۵ ہزار روپے خرچ ہوئے ہیں۔ اِس میں مشینوں کو ربوہ لانے اور انہیں لنگرخانہ میں نصب کرنے اور اطمینان بخش طریق پر چلانے کے اخراجات شامل نہیں ہیں۔ یہ مشینیں چلیں گی بجلی سے اور ان میں روٹیاں سوئی گیس کے ذریعہ پکیں گی۔ اگر بجلی کی رَو مسلسل آتی رہی اور بجلی کے نظام میں کوئی خلل واقع نہ ہوا تو امید ہے کہ امسال اِن مشینوں کی وجہ سے حسبِ ضرورت روٹیاں تیار کرنے میں سہولت رہے گی۔

### خودکار مشین بنانے کی تیاری

محترم افسر صاحب جلسہ سالانہ نے مزید بتایا کہ یہ مشینیں ابھی پوری طرح خودکار نہیں ہیں۔ ان میں روٹی گھڑ کرنا بنائی ہی لگائی جاتی ہے البتہ ان کے ذریعہ زیادہ تیز رفتاری سے روٹیاں تیار ہو سکیں گی۔ تاہم آئندہ کے لئے پوری طرح خودکار مشینیں تیار کرنے کا کام بھی جاری ہے۔ چنانچہ کمپنی مذکور نے ایک خودکار مشین بھی تیار کی ہے لیکن ابھی اس کی کارکردگی کو زیادہ بہتر اور تسلی بخش بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ یہ مشین ابھی تجربہ کے مراحل میں سے گزر رہی ہے۔ کمپنی نے امسال خودکار مشین کا ایک یونٹ بھی بھیجا ہے جس پر اِس دفعہ محض تجربہ کے طور پر روٹی پکائی جائے گی۔ اور کوشش کی جائے گی کہ اگر یہ تجربہ کامیاب ثابت ہو تو آئندہ سال خودکار مشینوں کے ذریعہ روٹیاں پکائی جائیں۔ لنگرخانوں میں خودکار مشینیں لگ جانے کے بعد انشاء اللہ العزیز وافر مقدار میں روٹیاں تیار کرنے کا مسئلہ حل ہو جائے گا کیونکہ پھر

(باقی صفحہ ۸ پر)

# اخبارِ احمدیہ

• ربوہ ۲۴ فتح - سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے، الحمد للہ۔ حضور کی حرمِ محترمہ حضرت سیدہ بیگم صاحبہ مدظلہا کی طبیعت بھی بفضلہ تعالیٰ اچھی ہے، ثم الحمد للہ۔ احبابِ جماعت حضور ایدہ اللہ اور حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کی صحت و عافیت کے لئے التزام سے دعائیں کرتے رہیں۔

• ربوہ ۲۴ فتح۔ حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی طبیعت پہلے جیسی ہی ہے یوں تو عام طور پر طبیعت بہتر ہی ہوتی ہے لیکن یکدم ضعف اور شدید سر درد کی تکلیف ہو جاتی ہے۔ احبابِ جماعت توجہ اور التزام سے دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضرت سیدہ مدظلہا العالی کو صحتِ کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے اور آپ کی عمر میں بہت برکت ڈالے آمین

## ربوہ ٹیلیفون ایکسچینج کے نظام میں خرابی

ربوہ ۲۴ دسمبر۔ ربوہ ٹیلیفون ایکسچینج کے نظام میں عرصہ سے خرابی چلی آرہی ہے جس کی وجہ سے اہلِ شہر کو بہت دقت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ کل ۲۳ دسمبر کو دوپہر سے قبل مسلسل کئی گھنٹہ تک ٹیلیفون بند رہے اور دوپہر کے بعد بھی وقفہ وقفہ سے ان میں خرابی واقع ہوتی رہی۔ موجودہ ایام میں جبکہ جلسہ سالانہ کے انتظامی شعبوں میں ہنگامی بنیادوں پر کام شروع ہو چکا ہے ٹیلیفون کی خرابی کی وجہ سے مختلف شعبوں کے درمیان رابطہ قائم رکھنے میں سخت دقت کا سامنا کرنا پڑا۔ اہلِ شہر محکمہ ٹیلیفون کے حکام سے بجا طور پر یہ توقع رکھتے ہیں کہ وہ ربوہ ٹیلیفون ایکسچینج کے نظام کو درست کرنے میں فوری اقدامات عمل میں لائیں تاکہ عوام کو جس دقت اور تکلیف کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے وہ جلد از جلد دُور ہو سکے۔

## قارئینِ الفضل کیلئے
## ضروری اطلاع

الفضل کا ۲۶ دسمبر کا پرچہ جلسہ سالانہ نمبر ہوگا۔ اس کے بعد حسبِ سابق جلسہ کے ایام میں الفضل شائع نہیں ہوگا۔ جلسہ سالانہ کے بعد انشاء اللہ ۳۱ دسمبر کی شام کو پرچہ شائع ہوگا۔ قارئینِ کرام اور ایجنٹ صاحبان مطلع رہیں۔

(مینیجر الفضل ربوہ)

مسعود احمد پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس ربوہ میں چھپوا کر دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ سے شائع کیا۔

# جلسہ سالانہ کی اہمیت

## سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مبارک الفاظ میں

### حتی الوسع تمام احمدی دوستوں کو جلسہ سالانہ میں ضرور شامل ہونے کی کوشش کرنا چاہیئے

### اس جلسہ کو معمولی جلسوں کی طرح خیال نہ کرو۔ اس میں شامل ہونے سے ایمان، یقین اور معرفت میں ترقی حاصل ہوگی

### میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس جلسہ میں شامل ہونیوالوں کو اجرِ عظیم بخشے اور ان کے ہم و غم دور فرمائے

## جلسہ سالانہ پر آنے کی تاکید

"لازم ہے کہ اس جلسہ پر جو کئی بابرکت مصالح پر مشتمل ہے ہر ایک ایسے صاحب ضرور تشریف لاویں جو زادِ راہ کی استطاعت رکھتے ہوں اور اپنا سرمائی بستر لحاف وغیرہ بھی بقدر ضرورت ساتھ لاویں اور اللہ اور اس کے رسولؐ کی راہ میں ادنیٰ ادنیٰ ہرجوں کی پروا نہ کریں۔ خدا تعالیٰ مخلصوں کو ہر قدم پر ثواب دیتا ہے اور اس کی راہ میں کوئی محنت اور صعوبت ضائع نہیں جاتی۔ اور مکرر لکھا جاتا ہے کہ اس جلسہ کو معمولی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں۔ یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائیدِ حق اور اعلائے کلمۂ اسلام پر بنیاد ہے۔ اس سلسلہ کی بنیادی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے اور اس کے لئے قومیں تیار کی ہیں جو عنقریب اس میں آملیں گی۔ کیونکہ یہ اس قادر کا فعل ہے جس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں۔"

## جلسہ سالانہ کی غرض

حضورؑ اپنے اشتہار ۷ دسمبر ۱۸۹۲ء مندرجہ آئینہ کمالاتِ اسلام میں فرماتے ہیں:-

۱۔ "اس جلسہ کی بڑی غرض یہ بھی ہے کہ تا ہر ایک مخلص کو بالمواجہ دینی فائدہ اٹھانے کا موقعہ ملے۔ اور ان کی معلومات دینی وسیع ہوں اور معرفت ترقی پذیر ہو۔"

۲۔ "صرف طلب علم اور مشورہ امداد اسلام اور ملاقات اخوان کے لئے یہ جلسہ تجویز کیا ہے۔"

۳۔ "ماسوا [illegible] کے اس جلسہ میں یہ ضروریات میں سے ہے کہ یورپ اور امریکہ [illegible] دینی ہمدردی کے لئے تدابیر حسنہ پیش کی جائیں۔ کیونکہ یہ ثابت [illegible] امر ہے کہ یورپ اور امریکہ کے سفید لوگ اسلام قبول کرنے کے لئے تیار ہو رہے ہیں ...... یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائیدِ حق اور اعلائے کلمۂ اسلام پر بنیاد ہے۔ اس کی بنیادی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے اور اس کے لئے قومیں تیار کی ہیں جو عنقریب اس میں آملیں گی۔ کیونکہ یہ اس قادر خدا کا فعل ہے جس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں۔"

(اشتہار ۷ دسمبر ۱۸۹۲ء)

۴۔ نشانِ آسمانی کے ٹائیٹل پیج پر اس جلسہ کی یہ غرض بیان فرماتے ہیں:-

"حتی الوسع تمام دوستوں کو محض للہ ربانی باتوں کو سننے کے لئے اس تاریخ پر آجانا چاہیئے اور اس جلسہ میں ایسے حقائق اور معارف کے سنانے کا شغل رہے گا جو ایمان اور یقین اور معرفت کو ترقی دینے کے لئے ضروری ہیں۔"

۵۔ "ایک عارضی فائدہ ان جلسوں کا یہ بھی ہوگا کہ ہر ایک سال میں جس قدر نئے بھائی اس جماعت میں داخل ہوں گے وہ تاریخ مقررہ پر حاضر ہوکر اپنے پہلے بھائیوں کا منہ دیکھ لیں گے۔ اور روشناس ہوکر آپس میں تودد و تعارف ترقی پذیر ہوگا۔"

## جلسہ سالانہ میں شامل ہونیوالوں کے لئے دعا

"میں دعا کرتا ہوں کہ ہر ایک صاحب جو اس للّٰہی جلسہ کے لئے سفر اختیار کریں خدا تعالیٰ انکے ساتھ ہو اور ان کو اجرِ عظیم بخشے اور ان پر رحم کرے اور ان کی مشکلات اور اضطراب کے حالات ان پر آسان کر دے اور انکے ہم و غم دور فرمائے اور ان کو ہر ایک تکلیف سے مخلصی عنایت کرے اور انکی مرادات کی راہ ان پر کھول دے اور روزِ آخرت میں اپنے ان بندوں کے ساتھ انکو اٹھاوے جن پر اس کا فضل اور رحم ہے اور تا اختتامِ سفر انکے بعد ان کا خلیفہ ہو۔ اے خدا اے ذوالمجد والعطاء اور رحیم اور مشکلکشا یہ تمام دعائیں قبول کر اور ہمیں ہمارے مخالفوں پر روشن نشانوں کے ساتھ غلبہ عطا فرما کہ ہر ایک قوت و طاقت تجھ ہی کو ہے۔ آمین ثم آمین۔" (اشتہار ۷ دسمبر ۱۸۹۲ء)

# سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح کے تاریخی دورہ مغربی افریقہ کے متعلق

# اہالیان غانا کے تاثرات

## نصرت جہاں سکیم کا اعلان، سکولز اور ہسپتالوں کا قیام۔ ملکی اخبارات میں چرچا

(مکرم مولوی بشارت احمد صاحب بشیر امیر و مبلغ انچارج غانا)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے تاریخی دورہ مغربی افریقہ کی یادیں اب بھی تازہ ہیں اپنوں اور بیگانوں میں اس کا تذکرہ ہوتا رہتا ہے۔ اس دورہ کی تفاصیل "الفضل" میں بھی شائع ہوتی رہتی ہیں۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ محض رپورٹیں پڑھ کر اس دورہ کی حقیقی کامیابی اس کی برکات کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔ یہاں کے مختلف احباب نے زبانی اور پھر تحریری طور پر اپنے جن تاثرات کا اظہار کیا ہے۔ ان میں سے چند درج ذیل کئے جاتے ہیں۔

(۱) مکرم الحاج الحسن ساکو جو سوڈانی الاصل ہیں اور جن کے آباؤ اجداد نے ہجرت کر کے غانا میں ہمیشہ کے لئے بود و باش کر لی ہے تحریر فرماتے ہیں:۔ (ترجمہ از عربی)

جب میں نے مصافحہ کے لئے اپنا ہاتھ آپ کے دستِ مبارک میں دیا۔ تو یوں محسوس ہوا کہ آپ ریشم ہیں۔ آپ کا دستِ مبارک ریشم سے بھی زیادہ نرم و گداز تھا جب آپ کے چہرہ پر نظر دوڑائی تو یوں محسوس ہوا کہ چودھویں کا چاند چمک رہا ہے۔

(۲) اے۔ بی بوائٹنگ تحریر کرتے ہیں:۔

"آپ کا وجود تمام خوبیوں اور اوصاف کا جامع ہے اسی لئے آپ سب کی توجہ کا انتہائی قابلِ احترام مرکز بنے ہوئے تھے آپ بہر نوع ایسے صاحبِ کمال انسان ہیں جن کا دماغ صلاحیتوں کا مخزن اور علم و معرفت کا ایک بھرپور خزینہ ہے۔ میں اعتراف کرتا ہوں کہ آپ کا وجود زندہ خدا کا ایک زندہ نشان ہے"

(ترجمہ از انگریزی)

(۳) مکرم عبداللہ عیسیٰ صاحب فرماتے ہیں:۔

"جب میری نگاہ آپ پر پڑی تو میں بے خود ہوئے بغیر نہ رہا ایسی مقدس و مطہر شخصیت کو اپنے درمیان موجود پانا اور اس سے مصافحہ کے شرف سے مشرف ہونا ایک خواب سے کم نہ تھا۔"

(ترجمہ انگریزی)

(۴) Nama Osei Assihey III کوکوفوریات کے پراموئنٹ چیف نے فرمایا:۔

"حضرت امام جماعت احمدیہ نے مجھ سے معانقہ کیا ایک مقدس ہستی سے اس طرح ملنا میری زندگی کا ایک اہم ترین اور پر لطف واقعہ ہے جونہی میں کمرہ سے باہر آیا لوگ میرے کپڑوں اور جسم کو چھو کر برکت حاصل کرنے لگے۔"

حضور ایدہ اللہ کا یہ دورہ وقت وقت کے تقاضے کے عین مطابق عمل میں آیا۔ مغربی افریقہ کے ملک نائیجیریا میں عیسائیت کو جو ہزیمت اٹھانی پڑی اس کے انتقام کی داغ بیل غانا میں شروع ہو چکی تھی "Win Ghana for Christ" غانا کو یسوع مسیح کے لئے جیت لو" کے نعرے فروغ پا رہے تھے۔ دلائل کے میدان میں عیسائیت شکست کھا چکی ہے۔ تاہم عیسائیت کو فروغ دینے کے لئے مختلف حربے اور چالیں بروئے کار لائی جا رہی ہیں حضور ایدہ اللہ کے اس دورہ نے مردہ دلوں اور پسماندہ روحوں میں ایک نئی زندگی کی روح پھونک دی ہزاروں شمع احمدیت کے جاں نثار پروانوں کا والہانہ اخلاص دیکھ کر قلوب کفار پر ایک قدرتی رعب طاری ہو گیا۔ یہ دورہ "وقذف فی قلوبھم الرعب" کا مصداق تھا۔ اگر حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے تحریک جدید کا آغاز فرما کر حمایتِ اسلام کی بنیاد ڈالی تو حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے "نصرت جہاں فنڈ" کا اعلان فرما کر اسے چار چاند لگا دئے۔ اس مبارک تحریک کا آغاز سرزمین غانا سے ہی ہوا۔ حضور نے بیس ہزار سیڈیوں کا جماعت سے مطالبہ فرمایا۔ جو خدا تعالیٰ کے فضل سے پورا ہو چکا ہے۔ اور ابھی تک وعدوں کی رفتار جاری ہے۔ وصولی کی رفتار بھی خوشکن ہے۔ آئندہ چند ماہ تک توقع ہے کہ نہ صرف وعدے تیس ہزار سے تجاوز کر جائیں گے بلکہ ۹۰ فیصد وصولی بھی ہو جائے گی۔ انشاء اللہ

### ہسپتالوں اور سکولوں کا قیام

نصرت جہاں سکیم کے ماتحت سردست چھ ہسپتال اور چار ثانوی مدارس کا قیام کا پروگرام ہے۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے دو سکول اور ایک ہسپتال کا قیام عمل میں آ چکا ہے۔ اور وہ ترقی پذیر ہیں بقیہ مدارس اور ہسپتال بھی اگر خدا نے چاہا تو چند ماہ تک کھل جائیں گے۔

### نصرت جہاں گرلز اکیڈمی کا قیام

جماعت احمدیہ غانا گزشتہ ۵۰ سال سے تعلیمی میدان میں سرگرم عمل ہے اور ان تعلیمی مساعی کے نتیجہ میں ملک کا ایک معتدبہ حصہ مستفید ہو رہا ہے۔ تاہم طالبات کا یہ پہلا سکول ہے جو ستمبر ۱۹۷۰ء سے قیام میں آ چکا ہے۔

### کلیسیا کی مخالفت

سکول کے اجراء میں جن تکالیف اور مخالفتوں کا سامنا کرنا پڑا ہے (اور ابھی تک بعض دقتیں پیش ہیں) ان کا ذکر یہاں چنداں مناسب نہیں۔ سب سے بڑا مقابلہ عیسائیت سے ہے "وا" WA جس جگہ سکول کھولا گیا ہے۔ ملک کے بالائی شمالی علاقہ میں واقع ہے۔ اس علاقہ کی اکثریت مسلمانوں پر مشتمل ہے۔ جو تعلیمی اور اقتصادی لحاظ سے پسماندہ ہے۔ یہاں پر گزشتہ تیس سال سے ہماری ایک مضبوط اور فعال جماعت موجود ہے۔ اپنی مسجد ہے جس کی عمارت یہاں کی شاندار عمارتوں میں شمار کی جاتی ہے۔ کلیسیا نے اس علاقہ کو عیسائیت کے فروغ کے لئے منتخب کر لیا ہے سکول مدارس اور ہسپتالوں کے ذریعہ مسلمانوں میں ارتداد جاری ہے۔ چند ایک تعلیم یافتہ طبقہ کے افراد جو حکومت کے اعلیٰ مناصب پر فائز ہیں اور جو دراصل مسلمانوں کی ہی اولاد ہے۔ عیسائی ہیں۔ ہمارے سکول کے قیام سے ان میں ایک کھلبلی سی مچ گئی ہے وہ ہر حیلہ اور بہانے سے اس سکیم کو ناکام بنانا چاہتے لیکن ردّ اللہ الذین کفروا بغیظھم لم ینالوا خیراً وکفی اللہ المؤمنین القتال وکان اللہ قویاً عزیزاً۔ (الاحزاب)

ترجمہ:۔ اور (حقیقت یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے کفار کو ان کے سب غصہ سمیت (مدینہ سے) واپس لوٹا دیا اور کسی قسم کا فائدہ ان کو نہیں پہنچا اور اللہ مومنوں کی طرف سے خود لڑائی کی اور اللہ بڑا طاقتور (اور) غالب ہے۔"

ان کفار کے سب حربے اور عزائم رائیگاں جائیں گے۔ احمدیت کا ہر قدم ترقی کی راہ پر

Digitized by Khilafat Library Rabwah

پر گامزن ہوگا۔ ان کے منصوبے ہرگز کامیاب نہ ہو سکیں گے۔ جس وقت سکول کے کھولنے کی باقاعدہ کوشش شروع کر دی حکام اور دیگر اہل الرائے کی طرف سے حوصلہ شکنی کے پیغامات موصول ہونے لگے کہ میں سکول نہ کھولوں کیونکہ شمالی علاقہ میں "لوزنگو" کے مقام پر حکومت نے جو سکول کھولا ہے۔ گزشتہ تین سال سے ۶ سے زائد طالبات نے داخلہ نہ لیا۔ اس لئے ہمارا سکول چل نہیں سکے گا اللہ تعالیٰ کا فضل ہوا کہ جس وقت داخلہ کے لئے ریڈیو اور پریس میں اعلانات بھجوائے تو حد سے زائد طالبات نے داخلہ کے لئے درخواستیں بھجوائیں۔ جگہ کی تنگی کے باعث صرف ۴۲ کو داخلہ مل سکا ہے۔ جن میں سے ۴۰ مسلمان اور ۲ عیسائی ہیں۔ سکول کی پہلی معلمہ مسز شکیل تھیں۔ خدا تعالیٰ انہیں جزائے خیر دے۔ انہوں نے اپنا سفر ملتوی کر کے میری وقت پر امداد کی اور سکول مضبوط بنیادوں پر قائم کر گئیں۔ اس سکول کا یونیفارم سارے ملک سے نرالا یعنی شلوار اور دوپٹہ ہے۔ جمعہ کی نماز میں جملہ طالبات شامل ہوتی ہیں۔ آجکل سکول کا چارج مسز ناز فردوسی نے لیا ہے خدا تعالیٰ انہیں صحیح معنوں میں کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

## فومنا میں سیکنڈری سکول کا قیام

دوسرا سکول فومنا کا ہے جس کے پہلے پاکستانی ہیڈ ماسٹر کمال الدین خان ہیں۔ انہوں نے چارج لیا اور سکول ترقی پذیر ہے۔ آئندہ ٹرم جو جنوری ۱۹۷۱ء سے شروع ہوگی کام کا صحیح اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

## کوکوفو میں ہسپتال کا قیام

بریگیڈیئر ڈاکٹر غلام احمد صاحب پہلے ڈاکٹر ہیں جو نصرت جہاں سکیم کے تحت غانا پہنچے ہیں۔ یکم نومبر کو ہسپتال کا افتتاح ہوا۔ اس موقع پر ریاست کی طرف سے ایک شاہی دربار قائم ہوا جس میں تین پیرامونٹ چیفوں نے اپنے روایتی لباس سونے کے کنگن اور تاج میں شرکت کی۔ غانا کے "Talking drums" "بولنے طبل" مشہور ہیں ان سے ہمارا استقبال ہوا۔ ریاست کے چیف nana asie Assibey III کی طرف سے سیکرٹری ٹریڈیشنل کاؤنسل نے پیش کیا جس کا ملخص درج ذیل ہے۔

"میں اپنی طرف سے ملکہ (الزبتھ) اور اہالیان کوکوفو کی طرف سے امیر جماعت احمدیہ غانا اور مکرم ڈاکٹر صاحب کو خوش آمدید کہتا ہوں۔ ہم امام جماعت احمدیہ خلیفۃ المسیح الثالث کے تہ دل سے ممنون ہیں کہ انہوں نے ہماری درخواست کو شرف قبولیت بخشتے ہوئے ڈاکٹر بھجوا دیا ہے۔ آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ میری اس ریاست کا پہلا پیرامونٹ چیف Nana asie Assibey II احمدی مسلمان تھا۔ جس وقت انگریزوں نے شاہ اشانٹی کو جلاوطن کیا تھا تو ان کے ہمراہ یہ احمدی چیف بھی تھے۔ اور ۱۹۲۴ء میں واپس اپنے وطن آئے۔ آج جب کہ ہسپتال کا افتتاح ہو رہا ہے میں اپنی طرف سے۔ ملکہ اور اہالیان ریاست کی طرف سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔"

اس موقع پر ٹریڈیشنل کاؤنسل کے سیکرٹری نے احمدیت قبول کرنے کا اعلان کیا۔ اور کم و بیش تین ہزار کے مجمع میں اپنے قبول اسلام کا اعلان فرمایا ان کا اسلامی نام عبد اللہ کا اعلان کیا گیا۔ اس موقع پر تین صد سے زائد سیڈیز بطور عطیہ پیش کر دی گئیں۔

یہاں کے ملکی اخبارات میں ہسپتال اور نصرت جہاں گرلز اکیڈمی کے قیام و افتتاح کی خبریں اہتمام کے ساتھ شائع ہوئیں۔ "غانا ٹائمز" میں نصرت گرلز اکیڈمی کے یونیفارم پر ایک عمدہ مقالہ شائع ہوا جس میں اس نے لکھا کہ

"اپنی پنڈلیاں ڈھانپو" نئی طرز دیہاتی عورت کی خوبصورتی ہے"

## پریس کانفرنس

سکولوں اور ہسپتالوں کے قیام کے سلسلہ میں خاکسار نے ملک کے بالائی اور شمالی ملک کا دورہ کیا۔ مسلم اکابرین اور حکومت کے عمائدین سے ملا اور حالات کا جائزہ لینے کے بعد ٹمالی میں پریس کانفرنس کا انعقاد کیا۔ جس میں نصرت جہاں سکیم اور اس کے ماتحت کھلنے والے سکولوں اور ہسپتالوں کا ذکر کیا۔ اس کانفرنس کی خبر ریڈیو غانا نے نشر کی اور ملکی اخبارات نے بھی اس کا اچھے الفاظ میں ذکر کیا ہے۔ الحمد للہ۔

# ادائیگی چندہ وقفِ جدید کی طرف

# فوری توجہ کی ضرورت

احباب جماعت کو اس امر کا احساس ہوگا کہ وقف جدید کا سال ۱۳/۱۲/۷۰ء کو ختم ہو رہا ہے۔ اب نصف ماہ سے بھی کم عرصہ باقی رہ گیا ہے۔ لیکن وقف جدید کی آمد میں تا حال بہت کمی ہے۔ آئندہ چار ماہ کے اخراجات کے لئے قریباً اسی ہزار مزید وصولی کی ضرورت ہے۔ کیونکہ بجٹ کے مطابق اسور دسمبر تک کی وصولی سے ہی اگلے سال ۳۰ اپریل تک کے اخراجات ادا کئے جاتے ہیں

بدیں صورت متعلقہ عہدیداران جماعت اور احباب بمد اطفال۔

ناصرات اور بچگان اور ان کے والدین اور سرپرستان کی توجہ اس امر کی طرف منعطف کرائی جاتی ہے کہ وہ اپنی اپنی جماعت کا اور خود اپنا بھی جائزہ لیں کہ آیا ان کی طرف سے چندہ وقف جدید بالغان و اطفال کی ادائیگی مکمل طور پر ہو چکی ہے یا نہیں۔

عدم ادائیگی کی صورت میں براہ مہربانی فوری ادائیگی کی طرف توجہ فرمائی جائے۔ تاکہ ۱۳/۱۲ مکمل طور پر ادائیگی ہو جائے۔

جزاھم اللہ احسن الجزاء۔

(ناظم مال وقفِ جدید)

---

# قائدین اور ناظمین اطفال

## ......متوجہ ہوں......

وقفِ جدید کا سال رواں اسور دسمبر کو ختم ہو رہا ہے۔ ابھی تک اطفال کے چندہ وقف جدید کی وصولی میں بہت کمی ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے احمدی اطفال پر بھی چندہ وقف جدید کے ایک حصہ کی ذمہ داری عائد کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ

"اے خدا اور اس کے رسول کے بچو! اٹھو اور آگے بڑھو اور تمہارے بڑوں کی غفلت کے نتیجہ میں جو رخنہ پڑ گیا ہے اُسے پُر کر دو ........
اگر خدا تعالیٰ احمدی بچوں کو توفیق دے تو جماعت احمدیہ کے بچے وقف جدید کا سارا بوجھ اٹھالیں"

حضور کے اس ارشاد کے پیش نظر قائدین خدام الاحمدیہ اور ناظمین اطفال چندہ وقف جدید کی وصولی کی طرف فوری توجہ فرما دیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمادے۔

سیکرٹری مال وقف جدید اطفال الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ

---

# چندہ جلسہ سالانہ کی طرف خاص توجہ فرمائیں

(ناظر بیت المال ربوہ)

# نئے سہ سالہ انتخابات عہدیداران جماعت ہائے احمدیہ

از یکم مئی ۱۹۷۱ء تا ۳۰ اپریل ۱۹۷۴ء

جملہ جماعت ہائے احمدیہ کی آگاہی کے لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ عہدیداران جماعت ہائے احمدیہ کے موجودہ سہ سالہ تقرری کی میعاد ۳۰-۴-۷۱ء کو ختم ہو رہی ہے۔ آئندہ تین سالوں (۱-۵-۷۱ء تا ۳۰-۴-۷۴ء) کے لئے عہدیداران جماعت ہائے احمدیہ کے انتخابات جلد از جلد کروائے جانے مطلوب ہیں۔ جس کے لئے ۱۵-۴-۷۱ء کی میعاد مقرر کی جاتی ہے۔ اس میعاد کے اندر اندر تمام عہدیداران کے انتخابات ہو کر نظارت علیا میں پہنچ جانے چاہئیں تاکہ ضروری کارروائی کے بعد بروقت منظوری دی جا سکے۔

ضروری نوٹ: بعض جماعتیں یہ لکھ دیتی ہیں کہ ہماری جماعت کے سابقہ عہدیداران ہی رہنے دیئے جائیں۔ یہ طریق درست نہیں تمام عہدیداران کے از سر نو انتخابات ہونے چاہئیں۔ جن عہدوں پر ۷۱-۷۰ء کے لئے اب منظوریاں دی جا رہی ہیں ان عہدوں پر آئندہ میعاد میں تقرر کے لئے بھی نیا انتخاب ہونا ضروری ہے۔

انتخابات کی رپورٹیں نظارت علیا میں آنی چاہئیں۔ بعض جماعتیں یہ رپورٹیں دوسری نظارتوں یا دفتر پرائیویٹ سیکرٹری میں بھجوا دیتی ہیں ایسا نہیں ہونا چاہیے کیونکہ اس طرح انتخابات پر کارروائی بروقت نہیں ہو سکتی اور منظوری بھجوانے میں تاخیر ہو جاتی ہے۔ ایسے احباب جو موصی ہوں اور کسی عہدہ کے لئے منتخب ہوئے ہوں ان کے نام کے ساتھ لفظ موصی اور ان کا وصیت نمبر ضرور درج کیا جائے تاکہ ان کے بقایا وصیت کے متعلق تحقیق کرنے میں دقت نہ ہو اور ان کی منظوری بھجوانے میں تاخیر نہ ہو۔

جو منتخب شدہ عہدیداران غیر موصی ہوں ان کے متعلق مقامی سیکرٹری مال کی طرف سے یہ تصدیقی رپورٹ انتخابی رپورٹ کے ساتھ ضرور شامل ہونی چاہیئے کہ وہ بقایادار نہیں ہیں۔

صدر موصیان کے انتخابات کی میعاد بھی ۳۰-۴-۷۱ء کو ختم ہو رہی ہے جملہ ایسی جماعتیں جن میں مجالس موصیان قائم ہیں یا قائم ہو سکتی ہیں وہ اس امر کو نوٹ فرمالیں کہ صدر، نائب صدر مجلس موصیان کے انتخابات حسب قواعد کر کے مکرم سیکرٹری صاحب مجلس کارپرداز کی خدمت میں بھجوا دیئے جائیں۔

جن جماعتوں کے پاس انتخابات کروانے سے متعلق قواعد و ضوابط کی کتاب موجود نہ ہو وہ نظارت علیا سے بذریعہ وی پی منگوا سکتے ہیں۔ اس کی قیمت معہ محصول ڈاک دو روپے پانچ پیسے ہے۔

(ناظر اعلیٰ صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ)

# چندہ سائنس بلاک جامعہ نصرت

حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ نے سائنس بلاک جامعہ نصرت کے لئے پچاس ہزار روپے کی ذمہ واری لجنہ اماء اللہ پر ڈالی تھی۔ الحمد للہ سائنس بلاک کی تعمیر قریباً مکمل ہو چکی ہے۔ لیکن ابھی تک بہنوں نے صرف ۱۱۰۰۰ چندہ ادا کیا ہے اور انتالیس ہزار روپے جمع کرنا ان کے ذمہ ہے۔

مومن جب ایک کام کرنے کا عزم کر لیتا ہے تو پھر اس کے قدم پیچھے نہیں ہٹتے وہ آگے ہی آگے بڑھتا رہتا ہے اور پھر اس چندہ کی ذمہ واری آپ پر حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ نے ڈالی ہے۔ اس وقت تک بیالیس خواتین نے تین تین صد یا اس سے زائد رقم ادا کی ہے ان کے نام بلاک پر کندہ کروائے جائیں گے جو ہمیشہ کے لئے ان کی قربانی کی یادگار ہوں گے۔ اگر ایک سو تیس بہنیں تین تین صد اس سلسلہ میں ادا کریں تو صرف ان کے چندہ سے سائنس بلاک کا چندہ پورا ہو جاتا ہے میں امید کرتی ہوں کہ جن بہنوں نے ابھی تک اس میں حصہ نہیں لیا وہ جلسہ سالانہ پر تین صد جمع کرا دیں گی اللہ ان کے مال میں برکت دے ..... میرے گزشتہ اعلان کے بعد مندرجہ ذیل کی طرف سے اس سلسلہ میں چندہ آیا ہے

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | امۃ السلام اہلیہ محمد اقبال صاحب ڈپٹی ڈائریکٹر لائلپور | ۱۰۰/- |
| ۲ | بیگم راحت فخر ایاز صاحبہ ملتان | ۵/- |
| ۳ | نعیمہ ظفر صاحبہ امریکہ | ۳۰۰/- |
| ۴ | مسز اظہار صاحبہ سرگودھا | ۱۰/- |
| ۵ | صفیہ اشرف صاحبہ سرگودھا | ۱۰/- |
| ۶ | وسیمہ مسلم صاحبہ " | ۲/- |
| ۷ | لجنہ اسلام آباد | ۲/- |
| ۸ | لجنہ جہلم | ۱/۵۰ |
| ۹ | لجنہ گرمولا ورکاں ضلع گوجرانوالہ | ۱۳/- |

(صدر لجنہ مرکزیہ)

# تفسیر سورۃ البقرہ بیان فرمودہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام

وہ خزائن جو ہزاروں سال سے مدفون تھے
اب میں دیتا ہوں اگر کوئی ملے امیدوار

اس زمانہ میں سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے علم پا کر قرآن مجید کی جو تفسیر کی ہے وہ ہر عاشق قرآن کے لئے بے بہا خزانہ ہے پچھلے سال ادارۃ المصنفین نے تفسیر سورۃ فاتحہ بیان فرمودہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام شائع کی تھی۔ جسے احباب نے بہت پسند کیا۔ امسال جلسہ سالانہ کے موقعہ پر تفسیر سورۃ البقرہ بیان فرمودہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام شائع کی جا رہی ہے حضرت اقدس نے سورۃ بقرہ کی جن آیات کی تفسیر فرمائی ہے وہ سب یکجا کر دی گئی ہیں حجم چار صد صفحات ۲۶×۲۰۔ مجلد۔ آفسٹ کی خوبصورت طباعت قیمت صرف دس روپے۔ اصل لاگت پر دی جا رہی ہے۔ جلسہ سالانہ پر ہر ایک بک سٹال سے مل سکے گی (مینجنگ ڈائریکٹر ادارۃ المصنفین ربوہ)

# وقف جدید ہی تربیت کا اصل ستون ہے

## والدین اپنی طرف سے اور اپنے بچوں کی طرف سے اس تحریک میں بھرپور حصہ لیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ نے وقف جدید کی اہمیت کو بیان کرتے ہوئے فرمایا۔

"اگر مائیں اپنے چھوٹے بچوں کو وقتی خوشی کے سامان پہنچانے کے لئے پیسہ، آنہ، دونی، چونی دے دیں پھر انہیں ثواب پہنچانے کے لئے تھوڑی دیر کے بعد وہی پیسہ، آنہ، دونی اور چونی وصول کر کے وقف جدید میں دے دیں اور اس طرح ان کے لئے ابدی خوشی کے حصول کے سامان پیدا کر دیں تو وہ بڑی ہی اچھی مائیں ہوں گی۔ اپنی اولاد کے حق میں (خطبہ جمعہ فرمودہ ۷ اکتوبر ۱۹۶۶ء)

یاد رکھیں۔ وقف جدید ہر کسی کو دین کے جہاد کے لئے آمادہ کرتی ہے اور چھوٹی سے چھوٹی قربانی کے ذریعے بڑے سے بڑے جہاد اور عظیم سے عظیم ثمرات کے حصول کے لئے تیار کرتی ہے۔

یہ وقف جدید کا آخری مہینہ جا رہا ہے اور ابھی سینکڑوں مقامات کے احباب نے اپنے وعدے پورے کرنے ہیں پس اس اعلان کو ذاتی خطاب سمجھیں اور اپنا وعدہ پورا فرماویں (ناظم مال)

کوٹھی قابل فروخت

ایک کوٹھی واقعہ دار الصدر غربی (الفردوس) تین بیڈ روم۔ جدید فیشن کے مطابق ڈیزائن ڈرائنگ روم و ڈائننگ روم۔ باورچی خانہ پینٹری سٹور روم دو سائڈ روم۔ سرونٹس کوارٹر تین طرفہ چار دیواری برآمدہ۔ ہر بیڈ روم کے ساتھ باتھ روم۔ فلش سسٹم چپس کا فرش نہایت پختہ اور خوبصورت ضرورت مند احباب ڈاکٹر محمد احمد رحمت بازار سے مل کر بالمشافہ بات کریں

ڈاکٹر محمد احمد
رحمت بازار
ربوہ

انقلاب انگیز لٹریچر تفسیر صغیر (۲) تفسیر سورۃ فاتحہ و سورۃ البقرہ بیان فرمودہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام ترجمہ و تفسیر شرح بخاری تاریخ احمدیت جلد ۱ تا ۱۱ مسند احمد (ادارۃ المصنفین)

# وقف جدید کے نئے مراکز

جلسہ سالانہ کے معاً بعد آئندہ سال کے لئے معلمین کی تقرریوں اور تبدیلیوں وغیرہ پر غور کیا جائے گا۔ ایسی تمام جماعتیں جو اپنے ہاں وقف جدید کا مرکز قائم کرنا چاہتی ہیں وہ مہربانی فرما کر جلد از جلد اپنے کوائف سے مطلع کریں ورنہ سال کے دوران میں ایسی درخواستوں پر غور بہت مشکل ہوتا ہے۔

مرکز وقف جدید کھولنے کے استحقاق کے لئے مندرجہ ذیل امور مدنظر رکھے جاتے ہیں۔

۱۔ وقف زمین۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کے ارشاد کے مطابق جو دیہات دس ایکڑ زمین یا زائد وقف کریں گے ان کا حق بہرحال مقدم سمجھا جائے گا۔ اس میں ایسی زمین شمار نہیں ہوگی جو بنجر اور بے کار ہو۔

۲۔ عارضی مراکز۔ اگر زمین وقف نہ ہو سکے تو جو دیہات سالانہ چندہ وقف جدید کے علاوہ قیام مراکز کے سلسلہ میں اوسطاً دس ایکڑ زمین کی آمد کے لگ بھگ دینے کا وعدہ کریں ان کے ہاں بھی عارضی مرکز کھولا جا سکتا ہے جب تک کہ وہ یہ سالانہ رقم ادا کرتے رہیں۔

۳۔ ایسی جماعتیں جو نامساعد حالات کی وجہ سے مرکز کے قیام کے لئے کچھ بھی ادا نہیں کر سکیں مگر تربیت یا ارشاد کے لحاظ سے غیر معمولی توجہ کی مستحق ہیں ان کو بھی حسب توفیق مدنظر رکھا جاتا ہے۔

۴۔ ایسی جماعت جو نئی قائم ہوئی ہو اور احمدیت کے رنگ میں صحیح تربیت کی محتاج ہو وہاں بھی ابتدائی عرصہ کے لئے مرکز کھولا جا سکتا ہے۔

پس ان امور کو مدنظر رکھتے ہوئے امراء و صدر صاحبان اپنے مطالبات ارسال فرمائیں ( ناظم ارشاد وقف جدید انجمن احمدیہ ربوہ)

# شرح بخاری شریف کی گیارہویں و بارہویں جلد

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:-

"تیسرا ذریعہ ہدایت کا حدیث ہے۔ کیونکہ بہت سے اسلام کے تاریخی اخلاقی اور فقہ کے امور کو حدیثیں کھول کر بیان کرتی ہیں۔ اور نیز بڑا فائدہ حدیث کا یہ ہے کہ وہ قرآن کی خادم اور سنت کی خادم ہے"

کتب احادیث میں سے اول نمبر پر جامع صحیح مسند بخاری ہے اس کی شرح کے لئے حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ نے حضرت سید زین العابدین ولی اللہ شاہ صاحب مرحوم کو مقرر فرمایا تھا حضرت شاہ صاحب مرحوم نے بخاری شریف کی جو شرح کی اس کی دس جلدیں پہلے شائع ہو چکی ہیں۔ اب گیارہویں اور بارہویں جلد شائع ہو گئی ہے۔

عمدہ لکھائی، عمدہ چھپائی۔ اصل لاگت پر دوستوں کو دی جائے گی۔ ہر دو جز مجلد قیمت صرف آٹھ روپے۔ ہر گھر میں اس کتاب کا ہونا ضروری ہے۔

ادارۃ المصنفین سے طلب فرماویں۔ جلسہ سالانہ کے موقع پر ہر کتب فروش سے مل سکے گی۔

**ادارۃ المصنفین ربوہ**

---

# بازیافتہ کانٹا

خاکسار کو ایک سونے کا کانٹا فضل عمر ہسپتال ربوہ کے احاطہ سے ملا ہے جس کسی کا ہو وہ دوسرا کانٹا دکھا کر لے سکتے ہیں۔

ملک عبداللہ ڈرائیور فضل عمر ہسپتال ربوہ


# احمدیوں کی مشہور دوکان

## عوامی کلاتھ ہاؤس اینڈ ریڈی میڈ گارمنٹس

ہمارے ہاں ہر قسم کا ملکی کپڑا اور ریڈی میڈ پارچہ جات ارزاں نرخوں پر دستیاب ہیں۔ تشریف لا کر مشکور فرمائیں

عوامی کلاتھ ہاؤس اینڈ ریڈی میڈ گارمنٹس
چوک حسین آگاہی نزد مسجد احمدیہ ملتان

پروپرائٹر چوہدری عبدالرزاق فون ۳۲۷۲




## مجرب دوائیں

بچوں کا سوکھا پن اور کمزوری کیلئے شفابے بی ٹانک ۲/۵۰
بوا سیر خونی و بادی کے لئے ہومیوپیتھک کورس ۸/-
جوڑوں کے درد کے لئے بیو پیتھی کورس ۵/-
مردانہ قوت کے لئے سپیشل ڈراپس ۶/-
تمام نسوانی پوشیدہ امراض کے لئے فیملی ٹانک ۱۶/-
دماغی طاقت کے لئے پیور برین ٹانک ۲/۵۰
پائیوریا کے لئے کھانے کی دوا: ہائیوریا کیور ۴/-
جانوروں کے اپھارہ کے لئے شفا اپھارہ ۰/۷۵
معلوماتی کتابچہ مفرد و مرکب: دو روپے ۲۰ پیسے ٹکٹ طلب فرمائیں
شاہ ہومیوپیتھک اسٹور اینڈ ہسپتال گولبازار ربوہ

ادائیگی زکوٰۃ اموال کو بڑھاتی ہے۔

مکرم و محترم ڈاکٹر بشیر احمد خان صاحب بہاولپور سے تحریر فرماتے ہیں: "میں نے خدمت خلق کی غرض سے آپ سے مندرجہ ذیل ادویات خرید کی تھیں جن کو سلسلہ وقف عارضی اور مفت دیتا رہا ہوں۔ خدا کے فضل سے میں نے ان کو بے حد مفید پایا اور ضرورت مندوں کو شفا ہوتی"

۱۔ کیوریٹو ۲۔ ڈائی جیسٹن ۔ ڈائنسٹریق

ہر قسم کی مفید مجرب اور موثر ادویات کے لئے رسالہ کیوریٹو سسٹم مفت طلب فرمائیں۔

ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی گولبازار ربوہ

ہمدرد نسواں محبوب اٹھرا — مرض اٹھرا کا بے نظیر علاج مکمل کورس چھ صد گولی بیس روپے
دوائی فضل الٰہی (ترینہ اولاد) — نوے فی صد لڑکا پیدا ہوتا ہے مکمل کورس ۹۰ گولی سولہ روپے
دواخانہ خدمت خلق ربوہ تیار کردہ

## دو روپے میں
## ایک قیمتی تحفہ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کے مغربی افریقہ کے چھ ممالک کے دورہ کے اہم کوائف اور تفصیلات اور ۴۰ تصاویر سے مزین ماہنامہ خالد کا دورہ مغربی افریقہ نمبر جس کی ضخامت ۱۶۰ صفحات ہے جلسہ سالانہ کے ایام میں دفتر ماہنامہ "خالد" خدام الاحمدیہ مرکزیہ سے دو روپے میں خرید فرمائیں اور حضور کے دورہ کے حالات اور مناظر مشاہدہ فرمائیں۔

(مینجر ماہنامہ خالد ربوہ)

---

## گمشدہ ہوا

مورخہ ۱۲ دسمبر ۷۰ء کو نماز عشاء کے قریب رحمت بازار میں ایک دوست کا بٹوا گم گیا ہے۔ اس میں کچھ نقدی تھی۔ اگر کسی دوست کو ملا ہو تو خاکسار کو پہنچا کر عنداللہ ماجور ہوں۔

(عبدالسلام پان فروش رحمت بازار۔ ربوہ)

---

## تنویر القلوب حصہ دوم

محترم جناب مرزا عبدالحق صاحب صوبائی امیر سرگودھا کی تقاریر اور مضامین کا مؤثر مجموعہ ہے۔ نہایت عمدہ سفید کاغذ پر طبع ہوا ہے۔ ۲۸۶ صفحات عمدہ جلد کے ساتھ۔ قیمت ساڑھے تین روپے۔

ملنے کا پتہ

**مکتبۃ الفرقان ربوہ**

جلسہ سالانہ کے ایام میں ہر کتب فروش سے طلب فرمائیں

---

## نبراس المومنین

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ۱۰۰ احادیث کا مجموعہ ہے۔ بطور نصاب مقرر کیا گیا ہے۔ نایاب تھا طبع ہو گیا ہے۔ یہ دسواں ایڈیشن ہے۔ سفید کاغذ ہے۔

قیمت صرف پچاس پیسے

ملنے کا پتہ

**مینجر مکتبہ الفرقان ربوہ**

---

مکرم ملک صلاح الدین صاحب ایم۔ اے مؤلف اصحاب احمد قادیان سے تحریر فرماتے ہیں "ایک صاحب ۶۹ سالہ کو کمر درد کی شدید تکلیف تھی۔ امرتسر سے بھی علاج کرایا گیا درد نہ ہوئی۔ پینز کیور PAINS CURE سے آرام آگیا۔ ایک صاحب بعمر ۸۰ سالہ کو بھی یہی شکایت تھی (پینز کیور) سے بہت آرام ہوا۔"

چار کیپسولز پر مشتمل اعصابی دردوں، فالج، لقوہ اور ہر قسم کے دردوں کی عظیم دوا

**پینز کیور۔ قیمت ۱۰/-**

دیگر معلومات کے لئے رسالہ مفت

**ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ بایو کیمک گول بازار ربوہ**

---

## سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کی تصدیق

آپ کی دوائی روح نشاط میرے استعمال میں رہی ہے اور میں نے اسے بے حد مفید پایا ہے۔ جب کثرت کار کی وجہ سے دماغ تھکا ہوا ہو تو "روح نشاط" دل کو فرحت دینے اور ترو تازہ کرنے میں بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔ قیمت ایک پاؤ بیس روپے۔ نصف پاؤ ۱۱/- روپے۔ اچھٹانک چھ روپے۔

فہرست ادویہ کارڈ آنے پر مفت ارسال ہوگی

**مینجر طبیہ عجائب گھر امین آباد ضلع گوجرانوالہ**

---

## سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے کلمات طیبات

یعنی

# ملفوظات

ہدیہ ۸۰/- روپے علاوہ محصول ڈاک

نوٹ:- جلد اول اس وقت سٹاک میں ختم ہے باقی نو جلدوں کی رعایتی قیمت ۷۲/- روپے ہے۔

الناشر

**الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ گولبازار ربوہ فون ۸۱**

---

## جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں

ہماری عارضی دکان بالمقابل ایوان محمود گولبازار ربوہ میں ہوگی

بیمار عورتوں کے معائنہ کا تسلی بخش انتظام ہے

مینجر دواخانہ حکیم نظام جان اینڈ سنز گوجرانوالہ۔ فون ۴۸۴۴

---

## سپیشل ڈراپس

مردانہ طاقت کی مجرب دوا ۶/-

**نیو پانٹلز کورس**

بواسیر خونی وبادی کا کامیاب علاج ۸/-

**شفاء بے بی ٹانک**

بچوں کا سوکھا پن۔ دست۔ قے۔ بدہضمی اور مٹی کھانے کی عادت دور کرنے کی مجرب دوا ۲/۵۰

رسالہ مفرد و مرکب ادویہ ۲۰/- کے ٹکٹ آنے پر مفت!

**شاہ ہومیوپیتھک سٹورز اینڈ ہسپتال** رحمت بازار ربوہ

---

## ضروری اعلان

جلسہ سالانہ کے ایام میں دفتر الفضل جلسہ گاہ میں منتقل ہو رہا ہے۔ خریدار حضرات متعلقہ امور کے لئے وہاں تشریف لائیں۔ رسید کی چٹ ہمراہ ضرور لائیں۔

مینجر

روزنامہ الفضل ربوہ

---

سرمہ نور بصر

بالکل نیا تحفہ

**کاجل نور بصر آزمائیے!**

تیار کردہ

**دواخانہ خدمت خلق ربوہ**

---

**مردانہ طاقت کیلئے** زد جام عشق۔ شباب آور موتی۔ حب نشاط۔ سونے چاندی کی گولیاں۔ قرص نور

کورس ۲۵ روپیہ، کورس ۲۰ روپیہ، کورس ۱۰ روپیہ، کورس ۲۵ روپیہ، کورس ۵ روپیہ

**ناصر دواخانہ** گولبازار ربوہ۔ فون ۲۴۴ — گول کچہری بازار لائلپور۔ فون ۲۰۵۴

# جلسہ سالانہ کے سلسلہ میں بعض نئے انتظامی اقدامات (بقیہ صفحہ اول)

نانبائیوں کی ضرورت باقی نہیں رہے گی۔ اتنی بھاری تعداد میں نانبائیوں کی فراہمی ایک ایسا مسئلہ بنی ہوئی ہے جس کی شدت میں سال بہ سال اضافہ ہو رہا ہے۔

## نظامتِ تربیت کا قیام

محترم افسر صاحب جلسہ سالانہ نے امسال کئے جانے والے نئے اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے مزید بتایا کہ امسال حضور ایدہ اللہ کی زیرِ ہدایت "نظامتِ تربیت" کے نام سے ایک نئی نظامت قائم کی گئی ہے۔ یہ نظامت ایسی جماعتی قیام گاہوں میں جو مساجد سے دُور واقع ہیں مہمانانِ کرام کے لئے نماز با جماعت کا اہتمام کرے گی نیز اِس سلسلہ میں ان کی رہنمائی کا فرض ادا کرے گی کہ وہ اِس للّٰہی جلسہ سالانہ کی عظیم الشان برکات سے کس طرح متمتع ہو سکتے ہیں۔ "نظامتِ تربیت" کے نام سے محلہ دارالصدر اور محلہ دارالعلوم میں (جن میں جماعتی قیامگاہیں واقع ہیں) دو علیحدہ علیحدہ نظامتیں قائم کی گئی ہیں۔ محلہ دارالصدر کا ناظم تربیت مکرم چوہدری محمد شریف صاحب سابق مبلغ گیمبیا کو اور محلہ دارالعلوم کا ناظم تربیت مکرم مولوی روشن الدین احمد صاحب کو مقرر کیا گیا ہے۔ انکے معاون اور مددگار کے طور پر متعدد مربیانِ سلسلہ، معلّمین وقفِ جدید اور طلباء جامعہ احمدیہ کا تقرر عمل میں لایا گیا ہے۔

## مہمانانِ کرام کی خدمت میں گزارشات

محترم افسر صاحب جلسہ سالانہ نے دورانِ گفتگو مہمانانِ کرام کی خدمت میں گزارشات کے طور پر بھی بعض امور بیان فرمائے۔ آپ نے فرمایا

(۱) مہمانانِ کرام کو چاہیئے کہ ان کی جماعت کے لئے جو قیام گاہ مقرر کی گئی ہے اسی میں قیام فرمائیں کسی دوسری قیامگاہ میں ٹھہرنے کی کوشش نہ کریں۔ اس کی پابندی نہ کرنے کی وجہ سے بعض قیامگاہوں میں جگہ تنگ ہو جاتی ہے اِس طرح بعض مہمانوں کو تکلیف اُٹھانا پڑتی ہے اور منتظمین کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

(۲) ہر مہمان کو چاہیئے کہ وہ جماعتی قیام گاہ میں پہنچنے کے بعد افسر مہمان نوازی سے اپنا کارڈ لے لیں اور اسے اپنے پاس محفوظ رکھیں۔

(۳) سپیشل گاڑیوں وغیرہ میں سفر کرنے والے مہمانوں کو چاہیئے کہ وہ ہر طرح سے چوکس اور بیدار رہیں تاکہ راستہ میں کسی قسم کے نقصان اور ضرر کا احتمال نہ رہے۔ چوکس اور بیدار رہ کر دعائیں کرتے ہوئے اپنا سفر گزاریں۔

(۴) علی الخصوص بچوں کی غیر معمولی طور پر حفاظت کریں۔ سفر کے دوران بھی اور بعد میں بھی ان کا خاص خیال رکھیں۔

(۵) جماعتی قیام گاہوں میں قیام کے دوران اگر کوئی تکلیف ہو تو اُس قیام گاہ کے افسر مہمان نوازی سے مل کر انہیں اس سے آگاہ کریں وہ انشاء اللہ تعالیٰ اسے دُور کرنے کی پوری کوشش کریں گے اگر خدانخواستہ وہ توجہ نہ دیں تو پھر افسر جلسہ سالانہ کو اطلاع دیں تاکہ تکلیف کے ازالہ کے سلسلہ میں ہر ممکن کوشش عمل میں لائی جا سکے۔

## اہلِ ربوہ اور ان کا جذبۂ شوق

الغرض جملہ انتظامات کے پایۂ تکمیل کو پہنچنے کے بعد اب اہلِ ربوہ بشدت منتظر ہیں کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مہمانانِ کرام ملک کے کونہ کونہ سے جوق در جوق والہانہ انداز میں تشریف لائیں۔ پہلے سے کہیں بڑھ کر تعداد میں تشریف لائیں تا انہیں خود ان کی ہر ممکن خدمت بجا لانے کی سعادت نصیب ہو۔ (دارالصدر کے مرکزی لنگرخانہ میں ۲۳ر دسمبر کی شام سے کھانا پکنا اور تقسیم ہونا شروع ہو چکا ہے دارالرحمت اور دارالعلوم کے لنگرخانے آج ۲۴ر دسمبر کی شام سے چالو ہو جائیں گے، انشاء اللہ)۔

ایک طرف تشریف لانے والے مہمانوں اور دوسری طرف اہلِ ربوہ کے ذوق وشوق اور ولولۂ عشق کا عالم اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت اور اس کے فضل و رحمت کا ایک مہتم بالشان نشان ہے جو جلسہ سالانہ کے موقع پر ہر سال پہلے سے بھی بڑھ کر شان کے ساتھ رونما ہو کر ہمارے ایمانوں کو تازہ، اور ہمارے خدمتِ اسلام کے عزائم کو پختہ سے پختہ تر کرتا چلا آ رہا ہے۔ اس مہتم بالشان نشان کو ہم اِن بابرکت ایام میں ایک دفعہ پھر رونما ہوتے دیکھ رہے ہیں۔ فالحمد للہ علیٰ ذٰلک۔

---

دفتر سے خط و کتابت کرتے وقت خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیں

(منیجر الفضل ربوہ)

---

# جھنگ سپیشل کا پروگرام

جھنگ سپیشل (جو جھنگ سے ۲۵ر دسمبر کو صبح سوا نو بجے روانہ ہوگی اور ربوہ ایک بجکر ۳۵ منٹ پر پہنچے گی) کا تفصیلی پروگرام درجِ ذیل ہے:۔

| نام اسٹیشن | آمد | روانگی |
| --- | --- | --- |
| جھنگ | × | ۹ — ۱۵ |
| جھنگ شہر | ۹ — ۲۸ | ۹ — ۳۲ |
| چونڈ | ۱۰ — ۰۰ | ۱۰ — ۵ |
| شاہ جیونا | ۱۰ — ۲۰ | ۱۰ — ۲۵ |
| شاہ نکدڑ | ۱۰ — ۴۰ | ۱۰ — ۴۲ |
| شبھاگہ | ۱۰ — ۵۵ | ۱۱ — ۵ |
| سلانوالی | ۱۱ — ۳۰ | ۱۱ — ۳۵ |
| ہنڈیوالی | ۱۲ — ۵ | ۱۲ — ۳۵ |
| لالیاں | ۱۳ — ۱۵ | ۱۳ — ۱۸ |

ربوہ آمد ۱۳ — ۳۵

(ناظم استقبال)

---

# ڈاکٹرز اور اساتذہ صاحبان کی خدمت میں ضروری گزارش

ڈاکٹروں اور اساتذہ کو حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے منصوبہ آگے بڑھو "Leap Forward" کے متعلق معلومات بہم پہنچانے کے لئے ہمارا دفتر جلسہ سے پہلے اور بعد میں حسبِ معمول کام کرے گا اور جلسہ سالانہ کے دنوں میں صبح ۸ سے ۱۰ بجے تک اور شام کو ۵ بجے سے ۷ بجے تک کھلا رہے گا۔ جن ڈاکٹروں اور اساتذہ کی تقرری حضور نے منظور فرمائی ہوئی ہے وہ خاکسار سے بھی جلسہ کے موقع پر ضرور ملیں۔

(محمد اسمٰعیل منیر سیکرٹری مجلس نصرت جہاں (احاطہ پرائیویٹ سیکرٹری)

---

# سپرنٹنڈنٹ کی ضرورت

نصرت گرلز ہائی سکول کے ہوسٹل کے لئے ایک خاتون وارڈن (سپرنٹنڈنٹ) کی ضرورت ہے۔ تعلیم کم از کم میٹرک ہو۔ عمر تیس سال سے کم نہ ہو۔ انتظامی امور اور حساب کا تجربہ ہو۔ ماہوار تنخواہ -/۱۰۰ روپیہ ہوگی۔ اس کے علاوہ رہائش اور خوراک مفت ہوگی۔

جلسہ سالانہ پر آنے والی مستورات دفتر ناظم نصرت گرلز سکول میں ہیڈ مسٹریس نصرت گرلز سکول سے اِس سلسلہ میں رابطہ قائم کریں۔ (ہیڈ مسٹریس نصرت گرلز ہائی سکول ربوہ)

---

# درخواستِ دُعا

مکرم محمود احمد صاحب چیمہ سپرنٹنڈنگ انجنیئر کی بیگم صاحبہ اور ان کے بچے پچھلے دنوں بہت بیمار رہے ہیں وہ احباب کی دعاؤں کے بہت محتاج ہیں۔ احبابِ جماعت ان سب کی صحت و عافیت اور خیر و برکت کے لئے دعا فرماتے رہیں۔ (میاں) غلام محمد اختر۔ ربوہ)

---

## سالانہ ہومیوپیتھک نمائش

جلسہ سالانہ پر روزمرہ کی فوری اور مستقل شفائی تاثیر والی جدید ترین ادویہ فارمولے، اسناد (CERTIFICATES) اور ہر قسم کی انگریزی و اردو ہومیوپیتھک کتب ملاحظہ فرمائیں۔ زبانی معلومات و پمفلٹ مفت۔

ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی گولبازار ربوہ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴